RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۵۰	مطبوعہ روز دو شنبہ تاریخ ۴ جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
۱	حکم حضور پرنور دام اقبالہم — [illegible]	[illegible]
	احکام اجلاس کامل	
۲	متعلق چٹھی گورنمنٹ [illegible]	۲
۳	اضافہ تنخواہ [illegible]	۳
۴	بابت حفاظت [illegible]	۳
	احکام سررشتہ بکار صاحب چیف منسٹر	
۵	[illegible]	۳
۶	تعیین تاریخ [illegible]	۴
۷	اضافہ تنخواہ [illegible]	۴
۸	[illegible]	۴
	حکم صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس	
۱۰	انعام [illegible] بابت گرفتاری [illegible]	۵
ضمیمہ	نقشہ [illegible]	

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم واقعہ ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۹۴ء

بمقدمہ عرضی صاحب سکرٹری بہادر کونسل در بارہ نفاذ حکم امتناعی نسبت دینے عرائض بلا وساطت افسر متعلق بربنائے اضافہ چندا گا فرملازم فراشخانہ اور گذرنے عرضی نامنظرہ بلا وساطت منصرم فراشخانہ ـ

سررشتہ سے احکام گشتی جاری ہوں کہ کوئی ماتحت بغیر وساطت

اپنے افسر کے عرضی وغیرہ بذریعہ ہر ملازم کارخانہ منصرم کے وسیلے سے اور منصرم صاحب سکرٹری بہادر کے اجلاس مین بھیجے —

روئداد و تجویز اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقعہ ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

مثل چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا بنام صاحب چیف سکرٹری ممالک مغربی و شمالی دربارۂ تاکید بعض ایجنٹ اسلامی بازائرین مکۂ معظمہ —

چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا بذریعہ صاحب ریزیڈنٹ بہادر و پولیٹیکل افسر اس مضمون سے موصول ہوئی کہ گورنمنٹ انگریزی کو ایلچی قسطنطنیہ مین یہ خبر ملی ہے کہ ان ایجنٹون کو فرقۂ اسلام کے دولتمند اشخاص مفلس حاجیون کے سفر حجاز کے خرچ کے لیے بہت سا روپیہ چندہ سے جمع کرکے دیتے ہین — یہ حاجی خود اپنی طبیعت سے عزیمت حج نہین کرتے ہین بلکہ یہ ایجنٹ اونکو اس بات پر آمادہ کرتے ہین اور جو زیادہ حصہ روپیہ کا خود لے لیتے ہین نتیجہ اوسکا یہ ہوتا ہے کہ بہت سے حاجی عرب مین پہنچ کر بالکل بے نوا ہو جاتے ہین۔ اس امر کی تحقیقات کیجاوے کہ ایسی کارروائیان کہان تک جاری ہین اگر تحقیقات سے ظاہر ہو کہ یہ خبر صحیح ہے تو گورنمنٹ آف انڈیا جاننا چاہتی ہے کہ گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی ان خرابیون کے تدارک مین کیا انتظام کرنا تجویز کرتی ہے — صاحب ریزیڈنٹ بہادر تحریر فرماتے ہین کہ کونسل خبردار کر دیجاوے مبادا کوئی شخص کسی وقت مین ایسی کارروائی کرنا چاہے نیز یہ کہ اس امر کی تحقیقات کیجاوے کہ آیا کوئی شخص اس وقت رامپور مین ہے یا نہین — بحکم صاحب سکرٹری بہادر مثل تفویض کونسل ہوئی —

حکم کونسل

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر باجلاس کونسل پیش ہوئی چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا ملاحظہ ہوئی تجویز ہوا کہ نقل روئداد ہذا معہ ترجمہ چٹھی مرسلہ گورنمنٹ کرائی جاوے مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقعہ ۲۶ نومبر ۱۸۹۴ء

دربارۂ اضافہ تنخواہ ڈاکٹر منی مولد صاحب بہادر

ڈاکٹر منی مولد صاحب بہادر ریاست سے آٹھ سو روپیہ ماہانہ تنخواہ پاتے ہین اور وہ خاندان ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم کا بھی معالجہ کرتے ہین اونکی کارگزاری اور حسن انتظامی شفاخانجات نے کونسل و ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم کو رضامند رکھا ہے تنخواہ موجودہ اونکی قلیل ہے لہذا بنظر قلت تنخواہ و حسن کارگزاری شان بالاتفاق کونسل یہی تجویز ہوا کہ تنخواہ ڈاکٹر صاحب بہادر مین دو سو روپیہ اضافہ ہوکر تنخواہ اونکی بتعداد ایکہزار روپیہ ماہانہ مقرر کیجاوے چٹھی بحضور گورنمنٹ عالیجاہ بھیجی جاوے مثل بنابر اجرائے احکام و تعمیل چٹھی باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ایک نقل مسودہ کونسل برائی درج گزٹ اور ایک نقل خدمت مین مولوی سرجن صاحب بہادر کی مرسل ہو احکام جاری ہون اصل کاغذ بلاک تحریر چٹھی اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل مین پیش ہو — ۲۸ نومبر ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۲۶ نومبر ۱۸۹۴ء

دربارہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس درخواست اعلان بابت حفاظت مکان خالی بذمہ مالک مکان —

آج پیش حضور پرنور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم با اجلاس کونسل پیش ہوئی رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ملاحظہ ہوئی واقعی خالی رہنے مکانات سے احتمال واردات چوری کا ہے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ راے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس منظور ہے اعلان کرا دیا جاوے کہ کوئی شخص اپنا مکان خالی چھوڑ کر نہ جایا کرے مالک مکان اگر کہین جایا کرے تو بذریعہ اپنے عزیز خواہ محافظ ملازم واجوہ دار کی حفاظت اپنے مکان کی کراوے تاکہ مکان خالی نہ رہے مثل بعد اجراے احکام با اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو اور نقل مسودہ ہذا برائے درج گزٹ مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ایک نقل برائی درج گزٹ ہو اور صاحب سپرنٹنڈنٹ کی خدمت مین نقل مسودہ بھیجکر لکھا جاوے کہ اچھی طرح اعلان اسکا شہر و مضافات مین کرا دین — ۲۸ نومبر ۱۸۹۴ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
مثبتہ روبکار صاحب جج بہادر

تجویز صاحب جج بہادر پسندیدہ ہے جہان تک اسکو محکمہ مال سے تعلق ہے اسقدر ہم منظور کرتے ہین گزٹ مین تحصیلاً درج ہووے

۲۶ نومبر ۱۸۹۴ء

روبکار اجلاس صاحب جج بہادر واقع ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

مین دیکھتا ہون کہ یہان حکام صدر و مفصل باستثنای بعض تجاویز مجوزان لکھوایا کرتے ہین میری راے مین یہ طریقہ قابل ترک کئی جانے کے ہے اور باستثناے مفتی صاحب دیوانی جملہ مجوزین کو تجویز اپنے ہاتھ سے معمولاً لکھنا چاہیے بعض مجوزین ہر ایک گواہ کا پورا پورا بیان مندرج تجویز کرتے ہین اور جہان خلاصہ کیا جاتا ہے وہ بھی قریب قریب کل بیان کے ہوتا ہے جس سے تجویز بہت طول طویل ہو جاتی ہے میری راے مین خلاصہ شہادت جسقدر متعلق ثبوت ہو یا متعلق شہادت اگر اختلافات ہون تو اونکو دکھلانا چاہیے کل شہادت مثل مین موجود ہے اوسکی نقل تحصیل حاصل ہے بعض مجوزین ایک مجمل تجویز پہلے لکھا کرتے ہین اور بعد اوسکی تجویز مفصل لکھی جاتی ہے جسمین یہ بھی دیکھا کہ مجمل و مفصل مین اختلاف بھی ہو گیا میری راے مین یہ طریقہ نہایت نامناسب ہے ایک تجویز اور

فیصلہ تجویز ہونا چاہیے یہ نقائص عدالتہائے دیوانی و فوجداری
ماتحت صاحب جج و جوڈیشل ممبر بہادر و نیز عدالتہائے مال ماتحت
صاحب ریونیو ممبر بہادر دونوں میں یکسان پائے جاتے ہیں لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض منظوری و اجرائے ہدایات و نیز اندراج گزٹ ایک ایک نقل
روبکار ہذا بخدمات صاحبان جوڈیشل ممبر بہادر و ریونیو ممبر بہادر
مرسل ہو فقط

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۶ نومبر ۱۸۹۴ء

اکثر دیہات منقضی المیعاد ۱۳۰۲ف جنکا بندوبست سنہ ۱۳۰۳ف سے
ہونا مناسب ہے قابل بندوبست ہیں لہذا واسطے نیلام دیہات
مذکور کوئی تاریخ میلہ بینظیر میں مقرر کر دینا ضرور ہے۔

حکم ہوا کہ

تاریخ ۱۲ دسمبر ۱۸۹۴ء روز چہارشنبہ وقت صبح بمقام میلہ بینظیر
مقرر کیجاوے تحصیلداران اور رسالداران و مددگار [illegible]
اور نائب سررشتہ دار صدر کو اطلاع دیجاوے کہ تحصیلدار اپنے علاقہ
بازار وغیرہ میں تاریخ نیلام کا اعلان کرادیں اور رسالدار صدر
نقشہ طبع کرا کر حسب قاعدہ بمقامات مناسب چسپان کرادیں
اور روبکار درج گزٹ بھی کیا جاوے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

اضافہ

واقع ۲۸ نومبر ۱۸۹۴ء

بر پیشی یادداشت ڈپٹی مجسٹریٹ صاحب بہادر ناظری یادداشت تحصیلدار بلاسپور
باتفاق رائے صاحب چیف انجینیر بہادر ۲۱ نومبر سنہ حال سے
پانچ روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ محمد دیدار خان علاقہ دار آبپاشی
تحصیل بلاسپور کیا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

واقع ۲۹ نومبر ۱۸۹۴ء

بر پیشی عرضی صاحبزادہ احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل
مسعود [illegible] تحصیلدار رخصت یکماہ بلا تنخواہ منظور کیگئی بجائے
صاحبزادہ احمد رضا خان پیشکار دوم پنڈت برج لال اکونٹنٹ
کارخانہ نیل شاہ آباد قائم مقام پیشکار مقرر ہوئے۔

حکم سرکلر آرڈر اجلاس کرنیل اعظم صاحب بہادر میجر فوج

واقع ۳۰ نومبر ۱۸۹۴ء

آج عرضی پیشکار جرنیلی بدرخواست عطائی رخصت یکماہ بوجہ حادثہ
تپ لرزہ واسطے جانے وطن کے پیش ہوئی لہذا رخصت مطلوبہ منظور ہے
منشی لال محمد محرر جرنیلی کام پیشکاری کا انجام دیگا احکام ضابطہ
جاری ہوں اور حسب ضابطہ تعمیل ہو۔ ایک نقل آرڈر درج گزٹ ہو

حکم اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس
واقع ۱۷ نومبر ۱۸۹۲ء

چونکہ مقدمہ مسماۃ مہو لیا مدعیہ بنام جبو شوہر مدعیہ ملزم جس میں آلۂ مہلک سے ضرر پونہچانا بدفعہ ۳۲۵ تعزیرات ہند الزام ہے تفتیشی مولوی رضا خان سب انسپکٹر کوتوالی مین گرفتار کنندہ ملزم کو عہ دس روپیہ انعام کا اعلان کیا گیا ہی اور ہنوز مرتکب ماخوذ نہیں ہے لہذا مناسب کہ بجائے دس عہ روپیہ کے پچیس ۲۵ روپیہ انعام مقرر کیا جاوے تاکوشش سے جلد ملزم گرفتار کیا جاوے۔

لہذا حکم ہوا کہ

مقدمہ ہذا مین گرفتار کنندہ ملزم کو ۲۵ روپیہ انعام دیا جاوے گا

احکام بنام جاری ہون

حلیہ

جبو ولد کلو قوم تیلی ساکن گنج سیف الدین خان ملزم مفرور سانولا رنگ گول چہرہ داغ چیچک چہرہ پر آنکھیں سیاہ کلان بھوین [illegible] موچھ کے بال چھوٹے چھوٹے داڑھی ندارد بال سر کے مونڈے ہوئے لانبا قد میانہ اندام عمر ۳۰ برس

(۲۱۵)

مطبوعہ ۴؍ دسمبر سنہ ۹۳ء جلد ۶

نقشہ نمبر ۳ پیدائش و اموات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۲۶؍ نومبر سنہ ۹۳ء لغایت ۲؍ دسمبر سنہ ۹۳ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل فوت شدگان: دس سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
حضور تحصیل	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۷	۲۴	۱	۱۹	۵۱	۸	۴۳	۱۸	۶	۲	۲	۳۳	۱۶	۴۳	۲۴	۱۸	۴۹	·	·	·	۶۷	۶۷	·
ملک	۱	۴	·	۲	۷	۱	۶	·	·	·	·	۱	۲	۱	۲	·	۳	·	·	·	۳	۳	·
بلاسپور	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	نقشہ نہیں آیا
سوار	·	۳	۱	۸	۱۲	۱	۱۱	۱۳	۱۰	۳	۱	۹	۹	۲۵	۱۹	۳۶	۱۸	·	·	·	۴۴	۴۴	·
ٹانڈہ	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	·	نقشہ نہیں آیا
میزان	۸	۳۱	۲	۲۹	۷۰	۱۰	۶۰	۳۱	۱۶	۵	۳	۴۳	۲۷	۶۹	۴۵	۴۴	۷۰	·	·	·	۱۱۴	۱۱۴	·

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۶؍ نومبر لغایت ۲؍ دسمبر سنہ ۹۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	·	۱۴؍۱؍	۱۲؍۱؍	۱۴؍۱؍	۱۵؍۱؍	۱۵؍۱؍	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	·	۱۷؍۱؍	۲۰؍۰؍	۱۶؍۱؍	۱۷؍۱؍	۱۸؍۱؍	
نخود کرک آمیز	·	·	۲۱؍۰؍	۱۸؍۱؍	۲۰؍۰؍	۱۸؍۱؍	
سہ	·	·	۲۲؍۰؍	·	·	·	
ماش	·	۱۲؍۰؍	۱۲؍۱؍	۱۰؍۰؍	۱۲؍۱؍	۱۱؍۱؍	
مونگ	·	۱۳؍۱؍	۱۳؍۱؍	·	·	·	
مکا	·	۱۷؍۱؍	۲۰؍۱؍	۱۷؍۱؍	۱۹؍۱؍	۲۰؍۱؍	
عدس	·	·	۱۶؍۱؍	·	۱۷؍۱؍	·	
ارہر	·	·	۱۸؍۱؍	·	·	·	
سب جے	·	·	۲۱؍۱؍	·	۲۲؍۱؍	·	
کو سب جے	·	۱۵؍۱؍	۱۸؍۱؍	·	۲۳؍۰؍	·	
برنج	·	۱۳؍۱؍	۱۴؍۱؍	۱۰؍۰؍	۱۲؍۱؍	۱۱؍۱؍	
روغن زرد	·	۱؍۰؍	۱؍۱؍	۱؍۱؍	۱؍۱؍	۱؍۱؍	
روغن سیاہ	·	۲؍۱؍	۲؍۰؍	۲؍۰؍	۲؍۰؍	۲؍۱؍	
روغن کنجد	·	۲؍۱؍	۲؍۱؍	·	·	۲؍۱؍	
نمک سانبھر	·	۸؍۱؍	۹؍۱؍	۸؍۱؍	۸؍۰؍	۸؍۰؍	
نمک لاہوری	·	۶؍۱؍	۶؍۰؍	·	·	۷؍۱؍	
قند سیاہ	·	۱۰؍۱؍	۱۱؍۱؍	·	·	۹؍۱؍	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور